تے اوہ بڑی embarrassment ہوندی اے۔ اوس پاسے بیٹھے ہوئے میرے بہن بھائی وی ایس گل نال اتفاق کرن گے۔ اگر تُسیں فیملی نال بازار وچ جاندے پئے اوہ تے کوئی فقرہ وی کس دیوے تے اوہ ساری عمر نئیں بُھلدا کجا ایس دے کہ تہاڈے بچے گھر بیٹھے ہون تے اوہناں دے سامنے تہاڈی خواتین دا تقدس، تہاڈے بچیاں دا تے تہاڈا تقدس پامال کیتا جاوے تے ایہہ کدی وی قابل برداشت نئیں اے۔ واقعتاً جیویں رانا مشہود صاحب نے کہیا اے کہ حکومتاں آندیاں جاندیاں رہندیاں نیں۔ سرکاریا جیہڑے ادارے نیں اوہ کسے دے ذاتی ملازم نئیں بلکہ اوہ ریاست دے ملازم نیں۔ اوہ public servants نیں اور اوہ ساڈے taxes نال تنخواہ لیندے نیں۔ جناب! ایندے وچ کوئی دورائے نئیں کہ اوہ ساڈے taxes نال تنخواہ لے کے ساڈے اُتے تشدد کرن اور سانوں بے عزت کرن دی کوشش کرن تے ایہہ برداشت نئیں ہو سکدا۔ ایہہ ٹھیک اے کہ اسیں اپوزیشن دے وچ آں اور ہر شئے برداشت کر لواں گے لیکن ایہہ برداشت نئیں ہوناں۔ حقیقتاً ایہندے اُتّے کمیشن بننا چاہی دا اے۔ ایہناں افسراں نوں ضرور نظر وچ رکھنا چاہی دا اے جیہڑے اپنی اچھی پوسٹنگ دی خاطر اَج بلیک میل ہو رہے نیں۔ جیہڑے افسر اَج آلہ کار بن دے پئے نیں اوہ ضرور نظر وچ ہونے چاہی دے نیں۔ اوہ وی احتساب دی زد وچ آ سکدے نیں۔ اوہ اپنے آپ نوں کیوں اتنا بے لگام سمجھن، کیا لاہور دے اندر اک سی۔ سی۔ پی۔ او بدلن دے نال ایہہ سمجھیا جاندا اے کہ ایتھے سارے ای اشتہاری رہندے نیں؟ ہر ایم۔ پی۔ اے یا ایم۔ این۔ اے دے جیہڑے political workers نیں اوہناں دیاں وفاداریاں بدلاون واسطے اہناں دے گھراں دے اُتّے حملے کر دیو، کیوں؟ جناب! کیا کسی سیاسی پارٹی دے نال کھڑا ہونا جرم اے؟ ضمیر فروش لوگ اپنے ضمیر ویچ کے ہر روز پارٹی دیاں وفاداریاں بدلن والے لوگ اک شریف آدمی نوں عزت نال زندگی وی نئیں گزارن دیندے۔ ایہہ قطعاً قابل برداشت نئیں اے۔ اسیں اس حوالے نال اپنی تحریک استحقاق وی پیش کراں گے۔ ایس حوالے نال ہاؤس دی کوئی کمیٹی بناؤ جیہڑی day to day اہناں معاملات نوں ویکھے۔ اک سابق وزیر قانون اپنے گھر جاندا اے تے اوہندے اُتّے منشیات دا پرچہ دے دتّا جاندا اے۔ کیا رانا ثناء اللہ نوں نیواں کر کے اَج کسے نیں اوہندی وفاداری بدل لئی اے؟ میں اپنے گھر جاندا پیا ہو واں تے مینوں کی assurity اے کہ میں رستے دے وچ کسے منشیات دے پرچے وچ نہیں دھریا جاواں گا، ایویں کیوں ہو رہیا اے، کیا اس ملک دے اندر کوئی قانون نئیں اے؟ سرکاری ایم پی اے صاحبان نوں تے گن مین وی لبھن جدوں

کہ ساڈی حفاظت دے واسطے کچھ وی نئیں۔ کیا اسیں taxpayers نئیں آں؟ یار! سانوں وی حفاظت دی ضرورت اے۔ سانوں نہ ڈاکو چھڈ دے نیں اور نہ ہی تُسیں چھڈ دے جے۔ حکومت اور ڈاکوواں دا ایہہ گٹھ جوڑ بالکل ناقابل برداشت اے۔ تسیں دنیا دی کوئی وی تاریخ پڑھ لوو، French Revolution پڑھ لوو یعنی جہیڑے وی انقلاب آئے نیں اوہناں وچوں کوئی وی انقلابی ماں دے ڈھڈ وچوں پیدا نئیں ہویا۔ ایس دنیا دے حالات اور معاشرے دیاں زیادتیاں نیں اوہناں نوں بندوق چکن تے مجبور کر دتا سی۔ احمد خان کھرل نیں بغاوت کیتی۔ ساڈا اوہ ہیر واے۔ اوہ کیوں لڑیا سی، کیا اوہندی ذاتی زمین دا کوئی جھگڑا سی؟ انگریز گورے دی زیادتیاں دے خلاف اوہ اُٹھیا سی۔ تسیں بھگت سنگھ دی تاریخ پڑھو۔ دُلے بھٹی دی تاریخ پڑھو۔ اوہ سارے معاشرے دیاں ناہمواریاں دی وجہ توں بندوق چکن تے مجبور ہوئے سَن۔ جناب! کدی اتنا ظلم وی ہویا اے کہہ میرے نال والے حلقے دے وچ کارپٹ روڈز بن رہے نیں جدوں کہ میرے حلقے دے اندر اک ٹُٹّی ہوئی پُل مرمت نئیں ہوندی۔ کیوں اور کس لئی؟ اس لئی کہ میں اپوزیشن دا ایم پی اے آں۔ میرے کولوں جہیڑا بندہ چالیس ہزار دی lead نال ہریا ہویا اے اوہدے ناں دے تسیں بورڈ لگا رہے او۔ تسیں کی message دینا چاہندے او؟ کیا تسیں لوٹے بنا کے اسمبلیاں بھر لوو گے؟ ایسا نئیں ہو سکدا۔ اوہ وقت ہن گزر چکیا اے۔ اگر تسیں پچھلے اڑھائی سالاں وچ کوئی نواں لوٹا پیدا نئیں کر سکے تے ہن بُھل جاؤ۔ ہن لوٹے پیدا نئیں ہونے۔ ہن لوٹے واپس آنے جئے اور ڈرو اُس وقت توں جدوں تُسیں نشان عبرت بنے ہووگے۔ تسی کٹہرے وچ کھلوتے ہووگے۔ میں کوئی بھیک نئیں منگ ریا۔ میں اپنڑے حلقے دا حق منگ ریاں کہ میرے حلقے دیاں ٹٹیاں سڑکاں حکومت وقت نوں نظر کیوں نہیں آندیاں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ (جناب شہباز احمد): جناب سپیکر!۔۔۔

سید حسن مرتضیٰ: جناب سپیکر! ایس بیلی نوں چپ کراؤ ورنہ میں آج کج ہور وی کہواں گا۔ میریاں سڑکاں تے مرن والے لوک اونہاں دے خون دا حساب وزیر اعلیٰ پنجاب دیوے گا اونہاں دیاں ایف آئی آرز وزیر اعلیٰ پنجاب تے ہوون گیاں۔ ایس لئی کہ میرے بار بار آکھن دے باوجود کوئی بندہ توجہ نئیں دے ریا۔ میرے حلقے وچ درجہ چہارم دی recruitments ہو ریاں نیں۔ اوندے وچ کوٹے دے دتے گئے نیں، کیا میرے غریب دا کوئی حق نئیں نوکری لئی، کیا میرا غریب ایس ملک دا باسی

نئیں؟۔ کیا قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے ملک بناون لگیاں ایہہ آکھیا سی کہ oppositionنوں کج نہ دینا۔ بہت وڈے وڈے دعوے کرن آلے ساڈے غریباں دے منہ وچوں نوالے تک کھوہ رہے نیں۔ ایتھے جناب کول وی پنجاب اسمبلی وچ بھرتیاں ہویاں نیں تے کوئی میرے حلقے دا بندہ وی ایتھے وکھادیو کیا میرے حلقے وچ کوئی پڑھیا لکھیا نئیں، کیا اوتھے بے روزگاری نئیں، ایہہ ظلم اے اور میں اج ایس ایوان وچ کھلو کے کہہ ریاں کہ یا اللہ ایس ظالم دی رسی جنی لمی کیتی اے اونی ٹائٹ وی کردے۔ ایہہ ظلم زیادہ دیر نئی چل سکدا۔ غریب دی آہ تخت الٹا کے رکھ دیندی اے۔ مینوں سمجھ نئیں آندی کہ ایس ہاؤس دا کی بنے گا؟ میں ایس رویے دے خلاف واک آؤٹ کرریاں۔ مینوں شرم آندی اے کہ اسیں اینہاں لوکاں دے وچ بیٹھے آں۔ میں کی گل کراں یار۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ(جناب شہباز احمد): جناب سپیکر! میرے حلقے داوی۔۔۔

سید حسن مرتضیٰ: جناب سپیکر! اینہوں آکھو کہ ذرا دو منٹ کھلو کے حکومت دی تعریف کر دیوے۔ ایس دے کولوں حکومت دی تعریف وی نئی ہونی۔ میں بیٹھ جاناں تے ایس نوں آکھوں کہ ایہہ گل کرلووے۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب! اب آپ تشریف رکھیں۔جی، جناب احمد شاہ کھگہ صاحب کا بھی پوائنٹ آف آرڈر ہے۔جی، احمد شاہ صاحب فرمائیں!

معزز ممبر اسمبلی کے گھر پر ڈاکوؤں کا حملہ

پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی(جناب احمد شاہ کھگہ): شکریہ جناب سپیکر! میں اپنے ذاتی اور اہم معاملے کو آپ کے اور اس پورے ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ واقعہ یہ ہے کہ مورخہ 12 اور 13 جنوری کی درمیانی رات میرے اور میرے بڑے بھائی پیر محمد شاہ کھگہ جو کہ سابق ایم این اے اور پانچ چھ مرتبہ ایم پی اے بھی رہے کے گھر میں 20 ڈاکو کلاشن کوفیں لے کر آئے اور ہمارے ملازمین کو زدو کوب کیا اور گھر کا سارا سامان لے گئے۔

جناب سپیکر: Order in the houseاب کوئی نہ بولے جی، کھگہ صاحب!

پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی(جناب احمد شاہ کھگہ): آج اسمبلی کے فلور پر بات کرنے کا مقصد یہ ہے تاکہ یہ ایوان گواہ رہے کہ میں نے اپنا مقدمہ اس ہاؤس میں پیش کر دیا ہے۔ ہمارے گاؤں میں میرے اور میرے بڑے بھائی کے گھر 12 اور 13 جنوری کی درمیانی رات ڈاکو آئے اور انہوں نے ہمیں باندھ کر لوٹا اور سارا سامان بھی لے گئے۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ ڈاکہ ہمارے گھر میں نہیں پڑا بلکہ یہ اس پورے ایوان کے 371 ایم پی ایز کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور میں اس ایوان سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ راجہ بشارت کی زیر نگرانی ایک کمیٹی بنا دیں۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب! یہ بتائیں کہ کیا یہ واقعہ آپ کے گاؤں میں ہوا ہے؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی(جناب احمد شاہ کھگہ): جناب سپیکر! یہ واقعہ ہمارے چک شاہ کھگہ پاکپتن گھر میں ہوا ہے۔ میری گزارش ہے کہ راجہ بشارت کی زیر نگرانی ایک کمیٹی بنا دی جائے جس میں ایم پی ایز بھی شامل ہوں اور daily basis پر IG سے اس حوالے سے رپورٹ لی جائے تاکہ ہمارے علاقے میں جو خوف و ہراس پھیلا ہے اس کو ختم کیا جائے۔ اس دھند میں چار ایسے واقعات ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ نے اس واقعہ کی FIR درج کروائی ہے یا نہیں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی(جناب احمد شاہ کھگہ): جی، جناب سپیکر! جی ہاں پرچہ درج ہو چکا ہے مقامی اور ضلعی پولیس اس حوالے سے کوشش بھی کر رہی ہے لیکن یہ بین الاضلاعی گینگ ہے اس نے چشتیاں کے ممتاز مہاروی کے گھر بھی ایسے ہی دھند میں ڈاکا مارا تھا اور یہ جو بین الصوبائی نڈر ڈکیت ہیں انہوں نے یہ حملہ کیا ہے اور خوف و ہراس پھیلایا ہوا ہے۔ میری گزارش ہے کہ اسمبلی ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی جائے جو کہ راجہ بشارت کی زیر نگرانی daily basis پر رپورٹ لے تاکہ ہمارے علاقے میں جو خوف و ہراس پھیلا ہے وہ ختم ہو۔

جناب سپیکر! میری دوسری گزارش یہ ہے کہ 20 ڈاکو واں دا جتھا آیا تے ساڈے کول غلیل دا لائسنس وی نئیں سی تے تسی اندازہ لاؤ کہ جدوں کوئی 20 کلاشن کوفاں لے کے آجاوے تے کناں خوف و ہراس پیدا ہو جاندا اے اور ساڈی عزت نوں اینہاں نے کنا خوف وچ پایا اے لہٰذا

میں گزارش کرنا آں کہ جنے وی ایم پی اے صاحبان نیں اونہاں نوں کوئی 5 یا 6 کلاشن کوفاں دے لائسنس دتے جاون تا کہ اوہ اپنی حفاظت کر سکن۔

جناب سپیکر: خاموشی اختیار کریں۔ Order in the house please جی، کھگہ صاحب!

پارلیمانی سیکرٹری برائے توانائی (جناب احمد شاہ کھگہ): جناب سپیکر! میری تجویز ہے کہ یہ ساری اسمبلی جو 371 ممبران پر مشتمل ہے ان ممبران کو اپنی حفاظت کے لئے کم از کم 5 یا 6 کلاشن کوف کے لائسنس دیئے جائیں تا کہ ہم اپنی اور اپنے گھر والوں کی حفاظت کر سکیں۔ میں ڈیڑھ لاکھ عوام کا نمائندہ ہوں جب میرے ساتھ یہ واقعہ ہوا ہے تو آپ اندازہ کریں کہ لوگوں میں اس کا سن کر کتنا خوف و ہراس ہو گا۔ یہ قصور سے بہاولنگر تک ایک لہر چلی ہے لہٰذا اس کی سرکوبی کی جائے اور جو قصوروار ہیں ان کو جیلوں میں ڈالا جائے۔ یہاں بیٹھے تمام ممبران کو اپنی حفاظت چاہئے اس لئے ہم آپ سے اپنی حفاظت کے لئے کلاشنکوفوں کے لائسنس مانگ رہے ہیں نہ کہ لوگوں پر چلانے کے لئے مانگ رہے ہیں۔ راجہ بشارت بیٹھے ہیں اِن سے اور آپ سے میری گزارش ہے کہ اس معاملے پر سپیشل کمیٹی بنائی جائے۔

جناب سعید اکبر خان: جناب سپیکر! میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، جناب سعید اکبر!

جناب سعید اکبر خان: شکریہ۔ جناب سپیکر! یہ نہایت ہی افسوس ناک واقعہ ہے جس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔ احمد شاہ کھگہ اور ان کے بڑے بھائی محمد شاہ کھگہ ہمارے ساتھ رہے ہیں۔ ان کے بھائی میرے دوست بھی ہیں اور کلاس فیلو بھی ہیں۔ ہم اکٹھے FC کالج میں پڑھتے رہے ہیں۔ یہ واقعہ صرف قابل سماعت ہی نہیں ہے آپ اندازہ لگائیں کہ پندرہ سے بیس لوگ کلاشن کوفوں کے ساتھ آتے ہیں، ان کی فیملی چھٹیوں کی وجہ سے گھر تھی، وہاں ان کے بچے تھے اور ان کی عورتیں تھیں۔ وہ ڈاکو وہاں جاتے ہیں، تشدد کرتے ہیں اور دو چار گھنٹوں تک ان کو لوٹتے ہیں۔ وہ ڈاکو باہر ان کے سٹاف کو باندھ دیتے ہیں۔ آپ اور میں اندازہ لگائیں کہ اس حالت میں اگر ہم ہوتے تو کیا کرتے؟ میری محمد شاہ کھگہ صاحب سے بات ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ خان صاحب مجھے چاہئے تھا کہ میں اُس وقت مر جاتا کیونکہ وہاں میری بہویں، میرے سارے خاندان کی عورتیں موجود تھیں۔ وہ مجھ سے ٹیلیفون پر بات کرتے ہوئے رو پڑے۔ انہوں نے کہا کہ خان صاحب! ہمارا جو حشر ہوا ہے وہ ہم آپ کو بیان نہیں کر سکتے۔ آج

میں یہ محسوس کر رہا ہوں اور مجھے یہ خوف ہے کہ جس طرح کی دیدہ دلیری سے وہ پورے گاؤں میں آکر ایک شریف آدمی کو جو 1985 میں ایم پی اے رہا، منسٹر رہا پھر ایم این اے بھی رہا اس کے گھر میں گھس کر ان کو بے عزت کیا، دو اڑھائی کروڑ کا سامان لوٹ کر لے گئے۔ ہم سب کا ایک پردہ اور عزت ہے جو ہم نے اتنی کوشش کر کے اسے بحال کیا ہوا ہے۔ آپ دیکھیں کہ ہمارے گھروں میں مائیں بہنیں ہوتی ہیں اور یقین کریں اس سارے وقوعے سے مجھے ذہنی طور پر اتنی کوفت اور افسوس ہے کہ جس کا کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا۔ وہاں پر میری مائیں، بہنیں اور بیٹیاں تھیں وہاں ایک جتھا آیا اُنہیں بے عزت کر کے اُن کے زیور اور گھر کا سارا سامان لوٹ کر لے گیا لہذا اس معاملے پر تو بہت ہی زیادہ فکر کرنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ حکومت کے ذمہ داران سے میری یہ گزارش ہے کہ اس کا سدباب کریں کیونکہ آج یہ جو طریقہ شروع ہوا ہے کوئی بھی بندہ محفوظ نہیں ہے۔

جناب سپیکر! میں آپ کو اور آپ کے خاندان کو ذاتی طور پر جانتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بات کا آپ کو سب سے زیادہ افسوس ہے کیونکہ آپ اس طرح کی باتوں کو ہمیشہ condemn کرتے ہیں۔ بہت مہربانی۔

جناب سپیکر: جی، وزیر قانون! یہ بھی ایک بہت افسوس ناک واقعہ ہے اس کے علاوہ بھی لوگ آ کر مجھے اس طرح کے بہت سارے واقعات بتاتے رہتے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ میری سیاسی زندگی کو 38/40 سال ہو گئے ہیں اس وقت law and order کے حوالے سے جو situation ہے اس طرح کی situation میں نے زندگی میں نہیں دیکھی۔ آپ یہاں پر سکون سے بیٹھے ہوئے ہیں آپ کو اندازہ نہیں ہے کہ ڈاکو بسوں کی بسیں کھڑی کر کے لوگوں کو لوٹ کر آرام سے نکل جاتے ہیں اور بد قسمتی سے پھر کسی جگہ پر کوئی شُنوائی نہیں ہو رہی، کسی جگہ پر کوئی دادرسی نہیں ہو رہی اور کہیں پر انہیں پکڑ کر کوئی سزائیں نہیں دی جا رہیں تو یہ کیا ہو رہا ہے؟ آپ کی cabinet meetings ہوتی ہیں آپ کی آج بھی cabinet meeting تھی میرا تو خیال ہے کہ بد قسمتی سے اس معاملے پر کبھی بات بھی نہیں ہوئی ہوگی؟ اگر یہی صورت حال رہی تو کل کو کسی کے ساتھ بھی یہ واقعہ ہو سکتا ہے۔ کسی کے بھی گھر 10 بندے کلاشنکوفیں لے کر آ جائیں تو گھر والے کیا کریں گے؟

راجہ صاحب! میرا خیال ہے کہ اس معاملے کو بڑا serious لینا چاہئے۔ متعلقہ RPO and DPO کو اسمبلی میں بلا کر اُن کے ساتھ اس معاملے کو discuss کریں کیونکہ سارے پنجاب میں overall situation خراب ہوئی ہوئی ہے۔ آپ اس معزز ہاؤس کو اس بارے میں کچھ بتائیں۔

(اذانِ مغرب)

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، سمیع اللہ خان صاحب!

جناب سمیع اللہ خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ جس طرح جناب احمد شاہ کھگہ صاحب نے اس ایوان کے سامنے اپنا issue رکھا، اُن سے پہلے رانا مشہود احمد خان صاحب اور سید حسن مرتضیٰ صاحب نے بھی یہاں پر بات کی ہے تو انتہائی مختصر وقت میں سنجیدگی کے ساتھ ان معاملات کو ایک اور angle سے بھی دیکھنا چاہئے کہ جناب احمد شاہ کھگہ صاحب کے گھر میں جو واقعہ ہوا اُس کی root cause کیا ہے؟ یہاں پر دو باتیں بہت اہم ہیں ایک بات تو یہ ہے کہ صوبہ پنجاب کا جس کے پاس اقتدار ہے سوال یہ ہے کہ کیا اختیار بھی اُس کے پاس ہے؟ یہ root cause ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کے تین سے چار IG's بدلے جائیں اور یہ بات الگ ہے کہ IG's کو بدلنا اُن کا اختیار ہے یا نہیں ہے۔ ان کو بدلا کس طرح سے جائے کہ جس کے پاس اقتدار ہے وہ بدل رہا ہے یا اس ملک کا وزیر اعظم یہ کام کر رہا ہے۔ وزیر اعظم نیشنل ٹی وی پر آ کر کہتا ہے کہ میں نے پنجاب کے IG's 3 اس لئے بدل دیئے کہ وہ میرے بہنوئی کے پلاٹ کا قبضہ نہیں دلوا سکے۔ یہ میرے الفاظ نہیں ہیں یہ اس ملک کے وزیر اعظم کے الفاظ ہیں۔ احمد شاہ کھگہ کے گھر میں جو واقعہ ہوا تو سوال یہ ہے کہ اُس وقت پنجاب کی پولیس کہاں مصروف تھی؟ پنجاب پولیس جتھوں کی صورت میں جناب سہیل شوکت بٹ کے گھر جاتی ہے اور جناب سیف الملوک کھوکھر کے گھر جاتی ہے۔۔۔

جناب سپیکر: سمیع اللہ خان صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ جی، وزیر قانون و پارلیمانی امور!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! شکریہ۔ جناب احمد شاہ کھگہ صاحب کے گھر میں ڈکیتی کا جو افسوس ناک واقعہ پیش آیا میں اُن کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کرتا ہوں اور اُنہیں اس بات کا یقین بھی دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ انصاف ہو گا، ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا اور ان کے ساتھ جن لوگوں نے زیادتی کی ہے اُنہیں قانون کے مطابق کیفر کردار تک انشاء اللہ تعالیٰ پہنچایا جائے گا۔

جناب سپیکر! اس سلسلہ میں جیسے ابھی آپ شاہ صاحب کے معاملے میں فرما رہے تھے۔ میں انشاء اللہ تعالیٰ کل DPO اور investigation والوں کو بھی بلا لوں گا۔ ہم شاہ صاحب کی موجودگی میں بیٹھ کر اس وقت تک جو تفتیش ہوئی ہے اور اب تک جو progress ہوئی ہے اس سے بھی ان کو آگاہ کریں گے اور آئندہ کا لائحہ عمل بھی طے کریں گے۔

جناب سپیکر: جناب محمد بشارت راجہ! دونوں کو بلائیں۔ آپ DPO اور RPO کو بھی بلائیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! دونوں کو بلائیں گے۔

جناب سپیکر! میں دوسری بات یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ ابھی ہمارے بھائیوں کی طرف سے یہ کہا گیا کہ پولیس نے پہلے گوجرانوالہ میں اور کل لاہور میں ناجائز طور پر قابضین کے خلاف قبضہ چھڑوانے کی کوئی کارروائی کی ہے۔ میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ یہاں کھڑے ہو کر یہ کہہ دینا بڑا آسان ہے کہ غیر قانونی طور پر پولیس گئی ہے۔ یہ لاہور ہے، یہاں پر عدالتیں بھی موجود ہیں، یہاں ان کی ساری قیادت بھی موجود ہے اور یہ سارے لوگ بھی موجود ہیں۔ اگر غیر قانونی طور پر پولیس وہاں پر گئی ہے تو کیا آج کسی عدالت میں یہ بات کہی گئی ہے کہ وہ غیر قانونی طور پر گئی ہے۔ ان سے سارے قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد قبضہ چھڑوایا گیا ہے جو قبضہ انہوں نے ان کی گورنمنٹ کے دور میں کیا تھا۔ یہ میرے کہنے کی بات نہیں ہے بلکہ یہ ریکارڈ کی بات ہے جس کے باقاعدہ notices گئے ہوں گے اور ان کے بعد وہ عدالت میں بھی گئے ہوں گے تمام معاملات طے ہونے کے بعد کل ان سے قبضہ چھڑوایا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر چادر اور چار دیواری کا ہمیں اتنا ہی احساس ہے۔ کیا انہیں نہیں معلوم تھا کہ وہ غیر قانونی طور پر ناجائز قابض کے طور پر بیٹھے ہوئے ہیں تو وہ جگہ خالی کر دیتے۔ اگر چوری بھی کی جائے اور سینہ زوری بھی کی جائے تو یہ دو

باتیں ایک ساتھ نہیں چل سکتیں۔ اس لئے جو کہا گیا ہے کہ زبردستی کی گئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ زبردستی نہیں کی گئی جو بھی کارروائی ہوئی ہے وہ قانون کے مطابق کی گئی ہے۔ (قطع کلامیاں)

جناب محمد مرزا جاوید: جناب سپیکر! انہیں شرم آنی چاہئے۔

جناب سپیکر: نہیں No cross talk آپ تشریف رکھیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! یہاں کہا گیا ہے کہ ہمیں شرم آنی چاہئے تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شرم انہیں آنی چاہئے اور یہ پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں کہ ان لوگوں کے کرتوت کیا رہے ہیں۔ یہ کیا بات ہے کہ یہ چوری بھی کرتے ہیں اور سینہ زوری بھی کرتے ہیں۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر! یہ وہاں جاتے اور ان کو روکتے۔ انہوں نے ان کو کیوں نہیں روکا؟ اب یہ یہاں پر بڑھکیں مار رہے ہیں کہ ہم اجازت نہیں دیں گے۔ یہ کل وہاں جاتے اور ان کو روکتے۔ ان میں اتنی جرات نہیں کہ پولیس کو روک لیتے۔ ہم پہلے سنتے تھے کہ اگر پولیس وہاں پر آئے گی تو ہم یہ کر دیں گے وہ کر دیں گے لیکن کل سارے بھیگی بلی بنے ہوئے تھے۔ انہوں نے کل پولیس کو کیوں نہیں روکا؟ اس لئے کہ یہ چور ہیں۔

جناب سپیکر: جی، وزیر قانون! آپ کی بات بالکل صحیح ہے لیکن آپ دو چیزیں mix کر رہے ہیں۔ لاء اینڈ آرڈر کی بات اور ہے اور یہ واقعہ اور ہے۔ جی،، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! ان کو ہر بات پر افسوس ہوتا ہے۔ یہ چوریاں نہ کریں اور نہ ان کو افسوس ہو۔ ہم نے قانون کے مطابق کارروائی کی ہے اور اگر آئندہ بھی کسی نے سرکاری املاک پر قبضہ کیا تو اس کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا جائے گا۔ (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اب نماز مغرب کے لئے 20 منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر وقفہ برائے نماز مغرب کے لئے 20 منٹ کے لئے
اجلاس کی کارروائی ملتوی کی گئی)

(وقفہ برائے نماز مغرب کے بعد 6 بج کر 45 منٹ پر جناب چیئرمین
میاں شفیع محمد کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب چیئر مین: اب وقفہ سوالات شروع ہوتا ہے۔

رانا محمد اقبال خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب محمد وارث شاد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب خلیل طاہر سندھو: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئر مین: جی، رانا محمد اقبال خان!

رانا محمد اقبال خان: جناب چیئر مین! آپ کے آنے سے پہلے اس ہاؤس میں بات چیت میں تھوڑی سی بدمزگی ہوئی ہے۔ہاؤس کے تمام معزز ممبران چاہے وہ اپوزیشن کی طرف سے ہوں یا گورنمنٹ کی طرف سے ہوں سب پر ایک دوسرے کا احترام لازم ہے۔ تھوڑی دیر پہلے یہاں پر جو تماشا ہوا اس پر ہمیں لوگ کیا کہیں گے؟ ہمارے پرانے ساتھی لاء منسٹر صاحب نے بھی shouting کا طریقہ اختیار کیا اور لامحالہ پھر دوسری طرف سے بھی اسی طرح ہوا۔ایسی باتیں اس ہاؤس کے تقدس کو نقصان پہنچاتی ہیں، میری اپیل ہے کہ لاء منسٹر صاحب منجھے ہوئے سیاستدان ہیں اور ماشاء اللہ پرانے زمانے سے چلے آ رہے ہیں کم از کم انہیں تو اس ہاؤس کے تقدس کا پوری طرح سے خیال ہونا چاہئے اور اس ہاؤس کے جتنے بھی ممبران ہیں چاہے وہ اپوزیشن میں ہیں یا گورنمنٹ میں ہیں ان سب کا احترام لازم ہے۔ آج معزز ممبر کھگہ صاحب کے ساتھ جس قسم کی زیادتی ہوئی ہے اس پر اپوزیشن کی طرف سے ہم سب اس کا افسوس کرتے ہیں اور میں اپنے محترم لاء منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ مہربانی فرمائیں چونکہ shouting کا معاملہ مجھے آپ کی زبان سے اچھا نہیں لگا۔لہذا اس ہاؤس کے تقدس کو بحال رکھنے اور اسے اچھے طریقے سے چلانے کے لئے آپ کو بھی اور اپنے ساتھیوں سے بھی کہوں گا کہ اس قسم کے جملے استعمال کرنا مناسب نہیں ہے۔مجھے تو اس وقت یہ جملے سنتے ہوئے بھی پریشانی ہو رہی تھی لہذا میں لاء منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ جس طرح سے کھگہ صاحب کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور پولیس نے گھروں میں داخل ہو کر جو کچھ کیا ہے اس پر تو آپ کا فرض بنتا ہے کہ آپ اس معاملے کو خود اچھے طریقے سے tackle کریں اور انہیں سمجھائیں کہ وہ ہمارے ایم پی ایز صاحبان کے ساتھ اس طرح کی حرکات نہ کریں بلکہ ان کی عزت کا احترام کریں چونکہ وہ اس مقدس ہاؤس کے معزز ممبر ہیں اور تمام ممبران کا استحقاق برابر ہے۔اس وقت Chair پر جناب سپیکر تشریف فرما تھے اگر وہ ابھی

ہوتے تو میں ان سے بھی اپیل کرتا کہ اس ہاؤس کا تقدس بحال رکھنے کے لئے ان کو بھی پوری طرح اپنا اختیار استعمال کرنا چاہئے۔ میں باقی باتیں تو بعد میں کروں گا، بہت شکریہ

جناب چیئرمین: جی، سندھو صاحب!

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب چیئرمین! میں انتہائی ادب و احترام کے ساتھ آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کی اجازت دی ہے۔اس سے پہلے کہ میں بات شروع کروں مجھے پتا ہے کہ دوسری طرف سے میری بہنیں سانحہ ماڈل ٹاؤن، کبھی کچھ اور کبھی کچھ باتیں کریں گی۔میں بتانا چاہتا ہوں کہ ان کے جو کزن ہیں جو پارٹ ٹائم انقلابی ہیں، جو ادھر بہت کم آتے ہیں، 146 گواہان میں سے 72 گواہان ہو چکے ہیں لیکن وہ خود آ رہے ہیں اور نہ ہی اپنے گواہان لے کر آ رہے ہیں لہذا ان کو پتا ہونا چاہئے کہ اصل میں صورتحال کیا ہے اس لئے میں بڑے ادب کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہم یہاں ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں۔میں پہلے اس لئے یہ بات کر رہا ہوں کہ ہر دفعہ یہی مسئلہ اٹھا دیا جاتا ہے ۔اب میں دوسری بات کروں گا ابھی تمام ممبران کے بارے میں بڑی خوبصورت بات ہو رہی تھی۔

میرے شہر وچ آ کے جنہاں گھر گھر وین پوائے
پہرے داراں کولوں پُچھو کہڑے رستے آئے

جناب چیئرمین! یہ کیا تماشا لگ گیا ہے؟ ہمارے محترم ممبر شاہ صاحب چلے گئے ہیں یا انہیں زبردستی ایوان سے بھیج دیا گیا ہے ان کے گھر میں بیس آدمی کلاشن کوفیں لے کر داخل ہوئے۔ یہاں پر ہمارے معزز ممبر بٹ صاحب کے گھر میں گھس کر ان کی والدہ کے سامنے توڑ پھوڑ کی گئی، ابھی راستے میں آ رہے تھے تو جہاں پر رانا ثناء اللہ کو بے گناہ روکا گیا تھا ادھر ہی مجھے روکا ہے۔راجہ صاحب! انہوں نے مجھے روک کر کہا کہ تلاشی دیں میں نے کہا کہ میں ایم پی اے ہوں، کس بات کی تلاشی دوں؟ میں نے کہا کہ آپ پہلے اپنی تلاشی دیں آپ کوئی اپنے پاس سے کوئی چیز نہ رکھ دیں۔خیر میں نے تلاشی نہیں دی بلکہ کہا کہ پہلے آپ مجھے اپنی تلاشی دیں۔ میں راجہ صاحب سے انتہائی ادب و احترام سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ خدا کے لئے آپ تھوڑا سا stern action لیں۔ورنہ جس طرح آپ نے دیکھا کہ ہزارہ کے حسینی، کربلائی جن کی چودہ نعشیں ایک زندہ نعش کا انتظار کرتی رہیں

اس طرح کا کام یہاں پر نہ ہو۔ خدا کے لئے میری آپ سے منت ہے کہ ہمارے ایم پی ایز کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اور آپ کے اپنے ایم پی اے کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ آپ کو تو چاہئے تھا کہ آپ اس ڈی پی او کو dismiss کرتے۔

جناب چیئرمین: سندھو صاحب! باقی دوستوں نے ٹائم لینا ہے۔

جناب خلیل طاہر سندھو: راجہ صاحب! آپ وہاں کے ڈی پی او کو dismiss کرتے تا کہ پتا چلتا۔ جب تک bureaucratic attitude change نہیں ہو گا، جب تک آپ پارلیمنٹ کو مضبوط نہیں کریں گے تب تک معاملات درست نہیں ہوں گے۔ اگر یہ لوگوں کے گھروں میں چھاپے مارتے رہیں گے اور کسی کے رشتہ دار کا پلاٹ ہے وہ حاصل کرنے کے لئے نیا سی سی پی او لائیں گے، پرانے سے نہیں ہوا وہ رات کو 12 بجے مین روڈ پر کھڑا ہو کر للکارے مارتا رہا کہ میں دیکھتا ہوں پتا نہیں اس نے کیا پیا ہوا تھا۔ اب آگے پتا نہیں کیا ہو گا۔ میں صرف یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ پوری دنیا میں جگ ہنسائی ہوئی ہے کہ چودہ نعشیں ایک زندہ نعش کا انتظار کرتی رہیں لیکن اس نے اپنی ضد، تکبر اور انا نہیں چھوڑی۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی، میاں نصیر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب سپیکر! میری عرض سنیں، میاں نصیر صاحب! ایک منٹ بیٹھ جائیں، میں عرض یہ کرنا چاہتا تھا کہ اب اس طرح project کیا جا رہا ہے کہ شاید وہ ساری میری ہی ذمہ داری تھی اور یہ میں نے ہی کچھ غلط کہا ہے۔ اپوزیشن کے جتنے بھی یہاں دوست بیٹھے ہوئے ہیں وہ میرے لئے قابل احترام ہیں اور جو یہاں نہیں بیٹھے ہوئے وہ بھی میرے لئے قابل احترام ہیں لیکن میں رانا مشہود احمد خان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک شخص وہاں سے کھڑا ہو کر غیر پارلیمانی الفاظ استعمال کرے اور پھر اس چیز پر بضد ہو تو اس کو کیسے اور کیا جواب دیا جائے؟ چنانچہ رانا مشہود احمد خان صاحب نے جو کچھ فرمایا میں اسے من وعن تسلیم کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ممبران کے تقدس کو باہمی طور پر ہم سب کو برقرار رکھنا چاہئے لیکن میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ سب کی عزت ایک جیسی ہے۔ اگر میں آپ کے ساتھ کوئی زیادتی کی بات کروں گا تو پھر میرے خلاف بھی

ایسی ہی بات کی جائے گی اس لئے میں عرض یہ کرنی چاہتا ہوں کہ جو بھی واقعہ ہوا اگر حزب اختلاف کی طرف سے اس بات کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ آئندہ ایسا نہیں کیا جائے گا تو ان سے بڑھ کر میں آپ کی وساطت سے اپنے بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاءاللہ تعالیٰ ہماری طرف سے بھی وضع داری کا ثبوت دیا جائے گا۔ ہماری طرف سے یہ کوشش ہو گی کہ آئندہ کسی بھی معزز ممبر کے خلاف کوئی بات نہ کی جائے۔

میاں نصیر احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے یہ گزارش کرنی چاہتا ہوں کہ ہم بالکل وزیر قانون کو ذمہ دار نہیں ٹھہرا رہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب بھی ہماری پارلیمنٹ کے معزز ممبران کے گھروں میں اس طرح سے چھاپے پڑتے ہیں، ان کے رشتہ داروں اور خاندان کے لوگوں کو جب ہراساں کیا جاتا ہے تو پھر اس پر احتجاج ہوتا ہے۔ یقیناً منتخب لوگ ہمیشہ اس طرح کی کارروائیوں سے پرہیز کرتے ہیں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ کسی کو اس طریقے سے سیاسی انتقام کا نشانہ نہ بنایا جائے۔ ہمارے تین سے پانچ منتخب نمائندوں کے گھروں پر دھاوے بولے گئے ہیں۔ اس کا ہم آپ کو ذمہ دار نہیں ٹھہرا رہے۔ ہم آپ سے یہ گزارش کر رہے ہیں کہ جو بھی کارروائی ہوئی ہے اس بارے میں ہم نے اس ایوان کے اندر بات کی ہے۔ اب اس میں کتنی صداقت ہے اس بابت آپ pursue کریں اور صحیح صورتحال معلوم کریں۔ پیر احمد شاہ کھگہ صاحب کے گھر میں 20 ڈاکو آئے ہیں۔ ان کو علم تھا کہ یہ ڈاکو آئے ہیں، لوٹ رہے ہیں اور وہ بے بس پڑے رہے لیکن سہیل شوکت بٹ صاحب اور ہمارے دوسرے دوستوں کے گھروں پر دو دو سو پولیس والوں نے یلغار کی ہے۔ ہم یہ بات آپ کے نوٹس میں لا رہے ہیں اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں کہیں پر غلط فہمی ہوئی ہے اور کہیں بات کو exaggerate کیا گیا ہے تو اس کو آپ ثابت کریں۔ کیا پولیس کو یہ اجازت ہے کہ حزب اختلاف یا حزب اقتدار سے تعلق رکھنے والے معزز ممبران کے گھروں کے تالے توڑیں، وہاں پر ہوائی فائرنگ کریں اور ان کی گاڑیوں کے شیشے توڑیں؟ اس کے بعد ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ اگر واقعی پولیس والے ہمارے معزز ممبران کے گھروں پر گئے ہیں تو انہوں نے کیا گناہ عظیم کیا تھا؟ ہم صرف اسی بات کا جواب لینا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی، مہربانی۔ تشریف رکھیں کیونکہ آپ کا point آ گیا ہے۔

وزیر پبلک پراسیکیوشن (چودھری ظہیرالدین): جناب چیئرمین! راجہ بشارت صاحب نے وضاحت کی ہے۔ حزب اختلاف کے دو تین دوستوں نے بات کی ہے۔ میاں نصیر صاحب اور دوسرے ساتھیوں نے جو بات کی ہے ہم نے اسے مکمل سُنا ہے۔ اس کے جواب میں وزیر قانون، ہمارے فوکل پرسن نے جواب دینا ہوتا ہے۔ جب وہ یہاں پر جواب دینے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور بات کرتے ہیں تو حزب اختلاف کے ساتھی انہیں بات مکمل نہیں کرنے دیتے۔ انہیں درمیان میں ٹوکتے ہیں۔ آج بھی یہی رویہ اختیار کیا گیا ہے۔ حزب اختلاف کے دو معزز ساتھی ہمیشہ غیر پارلیمانی الفاظ استعمال کرتے ہیں اور شور مچاتے ہیں۔ جب حزب اختلاف کے ممبران ہماری بات نہیں سننا چاہتے تو پھر ہمیں تھوڑا اونچی آواز میں بات کرکے انہیں سُنانا پڑتا ہے۔ جس طریقے سے ہم ان کی بات تحمل سے سنتے ہیں اگر اسی طریقے آپ ہمارے معزز وزیر قانون کی بات سن لیں تو پھر آپ کو کبھی کوئی شکایت نہیں ہوگی۔ میں آج آپ کو گارنٹی دیتا ہوں کہ اگر آپ اپنے ارشادات کے جواب میں ہمارے وزیر قانون کی معروضات کو اسی طرح سن لیا کریں جس طرح ہم آپ کو سن رہے ہوتے ہیں تو پھر آپ کو کبھی بھی راجہ صاحب کی اونچی آواز سنائی نہیں دے گی۔ میں پچھلے بیس سالوں سے راجہ صاحب کا ساتھی ہوں۔ وہ بڑے تحمل والے ہیں۔ جب ان کی وضاحت نہیں سنی جائے گی تو پھر اُنہیں اونچی آواز میں اپنی بات کو سنانا پڑتا ہے۔ میری آپ سے دست بستہ گزارش ہے کہ آپ کو جس طریقے سے ہم تحمل سے سنتے ہیں آپ بھی اسی طرح ہمارے وزیر قانون کو سن لیا کریں۔ آپ بے شک ہمیں ٹارگٹ کر لیا کریں لیکن وزیر قانون کی بات کو سن لیا کریں۔ اس کے بعد اگر آپ کو ایک لفظ بھی below average نظر آئے گا تو ہم آپ کے مجرم ہوں گے۔

جناب چیئرمین: جناب سہیل شوکت بٹ! آپ کوئی بات کرنا چاہتے ہیں؟

جناب سہیل شوکت بٹ: جی، میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی، آپ مہربانی کرکے مختصر بات کیجئے گا۔

جناب سہیل شوکت بٹ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ وزیر قانون راجہ بشارت صاحب ہمارے سینئر ساتھی ہیں۔ انہوں نے بالکل بجا فرمایا ہے اور ہم ان کا احترام کرتے ہیں۔ حزب

اختلاف اور حزب اقتدار میں بیٹھنے والے سب ممبران کا ہمیں احترام کرنا چاہئے۔ ہمیں سب کی عزت وتقدس کا خیال رکھنا چاہئے۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر قانون سے یہ گزارش کروں گا کہ 13۔ جنوری کی رات ایک سے دو بجے کے قریب پولیس کی بھاری نفری نے میرے گھر کا گھیراؤ کیا۔ میں نے اسی وقت سی۔ سی۔ پی۔ اولاہور غلام محمود ڈوگر صاحب کو فون کیا۔

جناب چیئرمین: چونکہ اجلاس کا وقت ختم ہو رہا ہے لہٰذا آپ short کر لیں۔

جناب سہیل شوکت بٹ: جناب چیئرمین! مجھے اپنا مؤقف تو بیان کرنے دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور/امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے جناب سہیل شوکت بٹ صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میں ان کے جذبات کا بالکل احترام کرتا ہوں۔ اس ہاؤس کی یہ روایات رہی ہیں کہ اگر کسی معزز رکن کے ساتھ کوئی زیادتی ہوتی ہے تو وہ ہاؤس میں آکر بات کرتا ہے۔ وہ تحریک استحقاق دیتا ہے۔ میں اپنی طرف سے آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے اس ہاؤس کو اڑھائی سال ہونے والے ہیں۔ کوئی تحریک استحقاق حزب اختلاف کی طرف سے آئے یا حزب اقتدار کے کسی معزز رکن کی طرف سے آئے میں نے آج تک ایک بھی تحریک استحقاق کو oppose نہیں کیا۔ میں آپ کو بھی یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ تحریک استحقاق لے کر آتے تو میں کبھی اس کو oppose نہ کرتا۔ اب بھی میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اجلاس ختم ہونے کے بعد آپ میرے ساتھ بیٹھیں۔ آپ کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے اس کے ازالہ کے لئے میں آپ کے ساتھ ہوں اور انشاءاللہ تعالیٰ آپ کی تسلی کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

(اذان عشاء)

وزیر آبپاشی (جناب محمد محسن لغاری): جناب چیئرمین! وقفہ سوالات ختم ہو چکا ہے۔ میں بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! آج کے سوالات کو pending کیا جاتا ہے۔

اب اجلاس مورخہ 26۔ جنوری 2021 بروز منگل بوقت دوپہر 00-2 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔